# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 28 September-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۸/ستمبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ مراٹھواڑہ میں موسلا دھار بارشوں سے معمولاتِ زندگی درہم برہم؛ کئی آبی منصوبوں سے بڑے پیمانے پر پانی کا اخراج؛ شہریوں سے خبردار رہنے کی انتظامیہ کی اپیل۔

☆ مراٹھواڑہ، کوکن اور وسطی مہاراشٹر میں 30 ستمبر تک موسلا دھار بارش کی پیش گوئی۔

☆ ریاست میں ماہِ اگست میں شدید بارش سے ہوئے نقصانات کے پنچنامے مکمل؛ 59 کروڑ 79 لاکھ روپے کے امدادی فنڈ کا اعلان۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج آکاشوانی کے پروگرام ''من کی بات'' میں ہم وطنوں سے کریں گے خطاب۔

اور۔۔۔☆ ایشیا کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے خطابی مقابلے میں آج بھارت اور پاکستان کی ٹیمیں پھر ایک بار آمنے سامنے۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

مراٹھواڑہ میں موسلا دھار بارش کی وجہ سے کئی مقامات پر سیلابی حالات پیدا ہو چکے ہیں اور معمولات زندگی مفلوج ہو کر رہ گئے ہیں۔ کئی اضلاع میں گذشتہ رات سے موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری ہے اور نشیبی علاقوں میں پانی داخل ہو گیا ہے۔

لاتور ضلعے کے جلکوٹ تعلقے کے بیل سانگوی دیہات کے متعدد شہریوں کو واڑھونا میں منتقل کیا گیا ہے' جبکہ چاکور شہر میں بھی یہی صورتحال ہے اور کئی مکینوں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنا پڑا ہے۔

اس دوران ضلعے کے رابطہ وزیر شیویندر راجے بھوسلے نے شہریوں سے انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کرنے کی اپیل کی ہے۔ ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے بھی شہریوں کی ڈھارس بندھاتے ہوئے انتظامیہ سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے تیار ہونے کی یقین دہانی کروائی ہے۔

ناندیڑ شہر کے بھی کئی حصوں میں پانی دَر آیا ہے اور مختلف علاقوں سے 309 شہریوں کو میونسپل انتظامیہ کے عارضی راحتی مراکز میں منتقل کیا گیا ہے۔

گوداوری ندی میں پانی خطرے کے نشان تک پہنچ گیا ہے، اور ضلع کلکٹر راہل کرڈیلے نے ندی کے کنارے واقع دیہاتوں کے ساکنان سے خبردار رہنے کی اپیل کی ہے۔ قندھار تعلقے کے کئی دیہات منیاڑ ندی کے سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں اور انتظامیہ کی جانب سے حفاظتی اقدامات کیے جارہے ہیں۔

ہنگولی ضلعے میں موسلا دھار بارش کی وجہ سے 19 منڈلوں کے ندی نالوں میں طغیانی آئی ہوئی ہے۔ کئی مقامات پر سڑکیں اور پل زیر آب آجانے سے متعدد دیہاتوں میں پانی داخل ہو چکا ہے۔

بیڑ ضلعے میں بھی سیلابی کیفیت پیدا ہوگئی ہے اور بندوسرا ندی پر واقع قدیم پتھر کا پل زیرِ آب آ گیا ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے تمام ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں۔

پربھنی ضلع کے 19 محصول منڈلوں میں بھاری بارش کا اندراج کیا گیا ہے۔ پورنا تعلقے میں چڑااوا گاؤں پانی سے گھر چکا ہے اور یہاں کے 25 گھروں کے مکینوں سمیت پالم تعلقے کے شہریوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنا پڑا ہے۔

دھاراشیو ضلع کے بھی، دھاراشیو، بھوم اور پرانڈا تعلقہ جات میں کل ساڑھے تین ہزار سے زیادہ شہریوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر شہر سمیت ضلعے میں گذشتہ شب سے موسلادھار بارش ہو رہی ہے۔ جبکہ جالنہ ضلعے میں بھی بارش کا سلسلہ جاری ہے اور ضلع کلکٹر آشیما متل نے شہریوں سے چوکنا رہنے کی اپیل کی ہے۔

اسی دوران ڈویژنل کمشنر جتیندر پاپلکر نے شہریوں سے افواہوں پر دھیان نہ کرنے، نیز ہنگامی حالات میں انتظامیہ سے فوری رابطہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

مسلسل بارشوں کے باعث ڈویژن کے کئی آبی منصوبوں سے بڑی مقدار میں پانی خارج کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ پیٹھن کے جائیکواڑی پشتے سے 94 ہزار 320 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے، وشنوپوری منصوبے سے تین لاکھ 17 ہزار مکعب فٹ فی سیکنڈ اور ماجلگاؤں پشتے سے تقریباً 60 ہزار مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی ندی میں چھوڑا جا رہا ہے۔ نمن مانار آبی منصوبے سے 66 ہزار مکعب فٹ فی سیکنڈ، اُردھو مانار منصوبے سے 23 ہزار کیوبک فٹ فی سیکنڈ، سدھیشور پشتے سے 25 ہزار کیوبک فٹ فی سیکنڈ، یلدری پشتے سے 23 ہزار مکعب فٹ فی سیکنڈ، اور نمن دودھنا پشتے سے 21 ہزار کیوبک فٹ فی سیکنڈ سے پانی کا اخراج جاری ہے۔

ناسک ضلعے کے گنگاپور پشتے سے بھی پانی کے اخراج میں اضافہ کیا گیا ہے اور گوداوری ندی میں پانچ ہزار 447 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی چھوڑا جا رہا ہے۔

اسی دوران مراٹھواڑہ، کوکن اور وسطی مہاراشٹر میں 30 ستمبر تک شدید بارش کی پیشن گوئی کی گئی ہے۔ ریاستی انسدادِ ہنگامی حالات مرکز نے تمام اضلاع کے انتظامیہ کو ممکنہ بھاری بارش کے حوالے سے ہدایات جاری کی ہیں۔

***** ***** *****

ریاست میں ماہِ اگست میں ہوئی بھاری بارش کے نقصانات کے پنچنامے مکمل کر لیے گئے ہیں اور متاثرین کیلئے 59 کروڑ 79 لاکھ روپے کے امدادی فنڈ کا اعلان کیا گیا ہے۔ وزیرِ زراعت دتاتریہ بھرنے نے کل شولاپور میں اس کی اطلاع دی۔ بھرنے نے تیقن دیا کہ رواں مہینے میں جاری بھاری بارش کے پنچنامے اسی مہینے کے آخر تک مکمل کر لیے جائیں گے اور متاثرین کو معاوضہ دیا جائے گا۔

***** ***** *****

نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے بھی یقین دلایا ہے کہ حکومت سیلاب سے متاثرہ افراد کی بازآبادکاری کیلئے ہر ممکن کوشش کرے گی۔ نائب وزیرِ اعلیٰ نے کل ناندیڑ ضلع کے قندھار تعلقے کے سیلاب سے متاثرہ شہریوں سے بذریعہ ویڈیو کال بات چیت کی۔ صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد انھوں نے انتظامیہ کو فوری راحت رسانی کے کام کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔**

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی آج آکاشوانی کے پروگرام ''من کی بات'' میں ہم وطنوں سے خطاب کریں گے۔ یہ پروگرام صبح 11 بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلز پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام اس سیریز کی 126 ویں قسط ہوگی۔

***** ***** *****

وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت خدمت اور بہتر حکمرانی کے اُصول کے تحت تبدیلی اور ترقی لانے کیلئے مسلسل اقدامات کررہی ہے۔ اسی مناسبت سے ''سیوا پرو'' یعنی خدمات پندھرواڑے کی خصوصی سیریز کے آج کے قسط میں، پردھان منتری جن دھن یوجنا کی معرفت لاکھوں خاندانوں کو دستیاب مالی شمولیت، بینکنگ اور بچت اور عزت افزائی سے متعلق سہولیات کی جانکاری دی جارہی ہے:

**Byte: Voice Cast**

***** ***** *****

ریاستی محکمۂ آثار قدیمہ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر تیجس گرگے نے کہا کہ چھترپتی شیواجی مہاراج کے ایک فلاحی ریاست قائم کرنے کا تصور مراٹھا حکومت کے دور کے قلعوں کو یونیسکو کا درجہ دلانے میں اہم ثابت ہوا۔ وہ کل، چھترپتی سمبھاجی نگر میں عالمی یوم سیاحت کے موقع پر ٹورزم ڈائریکٹوریٹ میں منعقدہ ملٹری لینڈ اسکیپس : یونیسکو تک کا سفر اور ہماری ذمہ داری'' کے موضوع پر ایک لیکچر میں اظہار خیال کیا۔ اس سلسلے میں گرگے نے مختلف موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی۔

***** ***** *****

ایشیا کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے خطابی مقابلے میں آج بھارت اور پاکستان کی ٹیمیں پھر ایک بار آمنے سامنے ہوں گی۔ یہ مقابلہ دبئی کے انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں رات آٹھ بجے سے شروع ہوگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے مرکزی یوتھ فیسٹیول کا کل خیر سگالی جلوس کے ساتھ آغاز ہوا۔ فیسٹیول کا افتتاح اداکارہ ونیتا کھرات نے کیا۔ یوتھ فیسٹیول کی تقریبات تین دنوں تک یونیورسٹی کے احاطے میں جاری رہیں گی۔

***** ***** *****

تلجا پور کی تلجا بھوانی مندر سنستھان نے وزیراعلیٰ امدادی فنڈ میں ایک کروڑ روپے عطیہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سنستھان کی جانب سے مختلف امدادی کام شروع کیے گئے ہیں۔ دریں اثنا، کل، شاردیے نوراتر تہوار کے دوران تلجا بھوانی دیوی کی مرلی النکار مہا پوجا کی گئی۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مراٹھواڑہ میں موسلا دھار بارشوں سے معمولاتِ زندگی درہم برہم؛ کئی آبی منصوبوں سے بڑے پیمانے پر پانی کا اخراج؛ شہریوں سے خبردار رہنے کی انتظامیہ کی اپیل۔

☆ مراٹھواڑہ، کوکن اور وسطی مہاراشٹر میں 30 ستمبر تک موسلا دھار بارش کی پیش گوئی۔

☆ ریاست میں ماہِ اگست میں شدید بارش سے ہوئے نقصانات کے پنچنامے مکمل؛ 59 کروڑ 79 لاکھ روپے کے امدادی فنڈ کا اعلان۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج آکاشوانی کے پروگرام ''من کی بات'' میں ہم وطنوں سے کریں گے خطاب۔

اور۔۔۔☆ ایشیا کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے خطابی مقابلے میں آج بھارت اور پاکستان کی ٹیمیں پھر ایک بار آمنے سامنے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****